
کاروانِ شہادت

مدینہ تا مدینہ منزل بہ منزل

تالیف
علامہ محمد علی فاضل



قال سیّد الشّهدآء ابوعبد الله الحسین علیه السلام :

............اِنَّمَا خَرَجْتُ لِطَلَبِ الْاِصْلَاحِ فِی اُمَّةِ جَدِّی ....

کاروانِ شہادت

مدینه تا مدینه، منزل به منزل

HadiTV

تالیف

حجۃ الاسلام والمسلمین علامہ محمد علی فاضل مدظلہ العالی

ناشر:

مکتبۃ الہادی

جامعۃ الکوثر۔ اسلام آباد

بسم اللہ الرحمن الرحیم

تعارف کتاب

نامِ کتاب: کاروانِ شہادت، مدینہ تا مدینہ، منزل بہ منزل

تالیف: حجۃ الاسلام والمسلمین علامہ محمد علی فاضل

پیشکش: ہادی ٹی وی اسلام آباد مرکز

ناشر: مکتبۃ الہادی _ جامعۃ الکوثر **اسلام آباد**

تعاون: جامعہ امام جعفر صادق علیہ السلام (رجسٹرڈ)
راجن پور، پنجاب پاکستان

فنی تعاون: مہدی فاضل

ملنے کا پتہ: مکتبۃ الہادی - جامعۃ الکوثر سیکٹر H-8/2
اسلام آباد فون: 0333-6446072

اشاعت دوم: 2010ء

ہدیہ: -/350 روپے

ساتھ ہی سورہ مومن کی آیت ۲۷ تلاوت فرمائی کہ موسیٰؑ نے فرمایا:

''اِنِّیْ عُذْتُ بِرَبِّیْ وَرَبِّکُمْ مِنْ کُلِّ مُتَکَبِّرٍ، لَا یُؤْمِنُ بِیَوْمِ الْحِسَابِ''

میں اپنے رب اور تمہارے رب کی پناہ مانگتا ہوں ہر اس تکبر کرنے والے سے جو یوم حساب پر ایمان نہیں رکھتا۔

کتاب تحف العقول ص ۱۷۱ مقتل خوارزمی جلد ۲ ص ۸، ۷، لہوف، مقتل عوالم اور تذکرۃ خواص الامۃ، میں عبارت میں مختصر سے اختلاف کے ساتھ امام الانس والجان کا ایک اور خطبہ درج کیا گیا ہے، جس میں فصاحت و بلاغت کے موتی پروئے گئے ہیں اور وہ آپ کے روز عاشورا کے قیام کا کلی مظہر ہے، ارشاد فرماتے ہیں:

''اَنْتُمْ وَابْنُ حَرْبٍ وَّاَشْیَاعُهٗ وَاِیَّانَا تَخْذُلُوْنَ، اَجَلْ وَاللّٰهِ الْخَذَلُ فِیْکُمْ مَعْرُوْفٌ، وَشَجَتْ عَلَیْهِ عُرُوْقُکُمْ وَتَوَارَثَتْهُ اُصُوْلُکُمْ وَ فُرُوْعُکُمْ وَنَبَتَتْ عَلَیْهِ قُلُوْبُکُمْ، وَغَشِیَتْ بِهٖ صُدُوْرُکُمْ، فَکُنْتُمْ اَخْبَثَ شَجَرَةٍ شَجیً لِلنَّاظِرِ، وَاُکْلَةً لِلْغَاصِبِ''

فرماتے ہیں: ''......اب تم حرب کے بیٹے (یزید) اور اس کے پیروکاروں پر تکیہ کرتے ہوئے ہماری نصرت و مدد سے دستبردار ہو چکے ہو! ہاں خدا کی قسم ایسا ہی ہے، مدد و نصرت سے دستبرداری اور دھوکہ دہی تمہاری طرف سے مشہور و معروف ہے جو تمہارے رگ و ریشہ میں رچی بسی ہوئی ہے، تمہاری زندگی کے درخت کا تنا اور شاخیں اسی پر استوار ہیں اور یہ چیزیں تمہیں وراثت میں ملی ہے، اور دل مذموم عادت پر پروان چڑھے ہیں، تمہارے سینے اس سے معمور ہیں، تم اس درخت کا ایسا منحوس پھل ہو جو اپنے باغبان کے گلے میں تو کانٹا بن جاتا ہے مگر ایک ظالم اور غاصب کیلئے خوش گوار اور شیرین

اَلَا لَعْنَةُ اللّٰهِ عَلَی النَّاکِثِیْنَ الَّذِیْنَ یَنْقُضُوْنَ الْاَیْمَانَ بَعْدَ تَوْکِیْدِهَا وَقَدْ جَعَلْتُمُ اللّٰهَ عَلَیْکُمْ کَفِیْلاً، فَاَنْتُمْ وَاللّٰهِ هُمْ.

خدا کی لعنت ہو عہد و پیمان شکنوں پر، جو اپنے پیمان مضبوط باندھ کر پھر توڑ دیتے ہیں اور تم نے بھی اپنے عہد و پیمان پر خدا کو اپنا ضامن اور کفیل قرار دیا تھا واللہ تم وہی عہد شکن لوگ ہو۔

اَلَا اَنَّ الدَّعِیَّ ابْنَ الدَّعِیِّ قَدْ رَکَزَ بَیْنَ اثْنَتَیْنِ بَیْنَ السِّلَّةِ وَالذِّلَّةِ

''هَیْهَاتَ مِنَّا الذِّلَّة''

تمہیں آگاہ رہنا چاہیے کہ نابکار باپ کے نابکار بیٹے نے مجھے ایسے دوراہے پر آن پہنچایا ہے کہ جن